# سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۱۹۷۶

# SINDH ACT NO.I OF 1976

# سندھ ریجنل پلان آرگنائیزیشن ایکٹ، ۱۹۷۶

# THE SINDH REGIONAL PLAN ORGNIZATION ACT, 1976

## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان، شروعات اور استثنا

Short Title, commencement and exemption

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ تنظیم کی تشکیل اور قیام

Establishment and incorporation of the Organization

۴۔ تنظیم کی تشکیل

Constitution of the Organization

۵۔چیئرمین اور میمبرز کے معاوضے اور دیگر مراعات

Remuneration and Privileges of Chairman and Members

۶۔ تنظیم کا ریجنل پلان کمشنر

Regional Plan Commissioner of the Organization

۷۔ڈائریکٹر تنظیم

Director of the Organization

۸۔افسران اور عملے کی مقرری ان کے خلاف تادیبی کارروائی

Appointment of officers and staff and disciplinary action against them

۹۔کمیٹیاں

Committees

۱۰۔حوالگی اختیارات

Delegation of powers

۱۱۔فنڈ

Fund

۱۲۔ فنڈ کا استعمال

Utilization of Fund

۱۳۔ بجٹ

Budget

۱۴۔ حساب کتاب اور اس کی آڈٹ

Account and Audit

۱۵۔ تنظیم کے کام

Functions of the Organization

۱۶۔ تنظیم کے اختیارات

Powers of the Organization

۱۷۔ سرگرمیوں کی رپورٹ

Report of activities

۱۸۔ بقایاجات کی وصولی

Recovery of arrears

۱۹۔ عدالتوں کے دائرہ اختیار پر پابندی

Courts jurisdiction barred

۲۰۔ جرمانہ

Penalty

۲۱۔ ضمانت

Indemnity

۲۲۔ قاعدہ قانون بنانے کے اختیارات

Powers to make rules and regulations

# سندھ ایکٹ نمبرI مجریہ ۱۹۷۶

# SINDH ACT NO.I OF 1976

# سندھ ریجنل پلان آرگنائیزیشن ایکٹ، ۱۹۷۶

# THE SINDH REGIONAL PLAN ORGNIZATION ACT, 1976

[۲ جنوری ۱۹۷۶]

اس ایکٹ کے توسط سے صوبہ سندھ کے لیئے علاقائی منصوبہ بندی کی تیاری کے لیئے تنظیم کا قیام عمل میں لایا جاسکے۔

تمہید (Preamble)

چونکہ یہ تقاضہ ہے کہ صوبہ سندھ کے لیئے علاقائی منصوبہ بندی کی تیاری کے لیئے تنظیم کا قیام عمل میں لایا جاسکے۔

لہٰذا اس کو مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے۔

مختصر عنوان، شروعات اور استثنا

Short Title, commencement and exemption

۱۔(۱) اس ایکٹ کو سندھ ریجنل پلان آرگنائیزیشن ایکٹ، ۱۹۷۶ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

(۳) حکومت، نوٹی فکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کی تمام دفعات کے یا کچھ سے کسی بھی علاقے کو نفاذ سے بری قرار دے سکتی ہے۔

تعریف

Definitions

۲۔ اگر اس ایکٹ میں موضوع یا سیاق وسباق میں انحراف نہ ہو:

(a) "بجٹ" کا مطلب ہے تنظیم کی سالانہ آمدنی اور اخراجات کی تفصیل

(b) "چیئرمین" کا مطلب ہے آرگنائیزیشن کا چیئرمین

(c) "ریجنل پلان کمشنر" کا مطلب ہے ایڈیشنل چیف سیکریٹری/ڈولپمنٹ کمشنر، پلاننگ اور ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ، گورنمنٹ آف سندھ۔

(d) "ڈائریکٹر سندھ" کا مطلب ہے ڈائریکٹر آف آرگنائیزیشن جس کا دفعہ ۷ کے تحت تقرر ہوا ہو۔

(e) "فنڈ" کا مطلب ہے وہ فنڈ جسے دفعہ ۱۱ کے تحت آرگنائیزیشن کے لیئے قائم کیا گیا ہو۔

(f) "گورنمنٹ" کا مطلب ہے سندھ حکومت

(g) "آرگنائیزیشن" کا مطلب ہے سندھ ریجنل پلان جو دفعہ ۳ کے تحت قائم کیا گیا ہو۔

(h) "پرسکرائبڈ" کا مطلب ہے اس ایکٹ کے تحت بتائے گئے وہ قواعد اور ضوابط کے قوانین کے تحت تجویز کیا گیا ہو۔

تنظیم کی تشکیل اور قیام

Establishment and incorporation of the Organization

۳۔ (۱) اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کے لیئے سندھ ریجنل پلان آرگنائیزیشن کے نام سے تنظیم قائم کی جائے گی۔

(۲) اس ایکٹ کے توسط سے تنظیم ایک ایسی کارپوریشن ہو گی، جس کے اپنے لیگل رائٹس متعین ہوں، جس کی مستقل جانشینی ہو گی، جس کے پاس متحرک اور غیر متحرک پراپرٹی خرید کرنے اور رکھنے کے اختیارات ہوں گے اور قانونی چارہ جوئی کے لیئے بااختیار اور ذمیوار ہو گی۔

وضاحت: کوئی ملکیت جو تنظیم حاصل کرے گی، تصور کیا جائے گا کہ وہ لینڈ ایکوزیشن، ایکٹ، ۱۸۹۴ کے تحت عوامی مقاصد کے لیئے حاصل کی گئی ہے۔

(۳) تنظیم کے ہیڈ کوارٹر کی جگہ کا انتخاب چیئرمین کی جانب سے جاری کیئے گئے نوٹی فکیشن کے تحت ہو گا۔

تنظیم کی تشکیل

Constitution of the Organization

۴۔(۱) تنظیم کی تشکیل مندرجہ ذیل ہو گی:

(a) وزیر اعلیٰ سندھ (چیئرمین)

(b) وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی (میمبر)

(c) کمشنر ریجنل پلان (پلاننگ، ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ) (میمبر)

(d) سیکریٹری خزانہ سندھ (میمبر)

(e) اور ڈائریکٹر تنظیم (سیکریٹری) ہوں گے۔

(۲) تنظیم نوٹی فکیشن کے ذریئے ایک یا زائد سرکاری یا غیر سرکاری میمبرز مقرر کر سکتی ہے۔

(۳) مقرر کردہ سرکاری میمبر اپنی منصبی تقرری سے فارغ ہونے کے بعد میمبر نہیں رہے گا۔

(۴) مقرر کردہ غیر سرکاری میمبر کو ۳ سال کے عرصے پر رکھا جائے گا، جب تک وہ تحریری طور پر چیئرمین کو اپنا استعفیٰ دے یا کچھ وجوہات کی بنا پر اسے ہٹایا جائے۔

چیئرمین اور میمبرز کے معاوضے اور دیگر مراعات

۵۔ تنظیم اپنی منشاء پر غیر سرکاری میمبران کو معاوضے، الاؤنسز اور دیگر مراعات دے سکتی ہے۔

Remuneration and Privileges of Chairman and Members

تنظیم کا ریجنل پلان کمشنر

Regional Plan Commissioner of the Organization

۶۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری / ڈولپمنٹ کمشنر تنظیم کا ریجنل پلان کمشنر ہو گا۔ اور اس ایکٹ کے توسط سے چیئرمین کی طرف سے دی گئی ہدایات کے مطابق فرائض سرانجام دے گا اور وہ اپنی خدمات کر سرانجامی اور اختیارات کا استعمال تنظیم کے بناء پر کرے گا۔

ڈائریکٹر تنظیم

Director of the Organization

۷۔(ا) چیئرمین طئے کردہ شرائط پر ایک یا ایک سے زائد ڈائریکٹرز کا تقرر کرے گا اور ایک سے زائد ڈائریکٹرز کی موجودگی میں کسی ایک کو تنظیم کے سیکریٹری کے طور رکھ سکتا ہے۔

(۲)ذیلی دفعہ (ا) کے تحت مقرر کردہ/ڈائریکٹرز ریجنل پلان کمشنر کے زیر نگرانی کام کریں گے اور دیئے گئے اختیارات کا استعمال کریں گے، جو ان کو یا اس کو ریجنل پلان کمشنر نے سپرد کیئے ہوں گے۔

افسران اور عملے کی مقرری ان کے خلاف تادیبی کارروائی

Appointment of officers and staff and disciplinary

۸۔(ا) چیئرمین، تیکنیکی، پروفیشنل تجربے اور تعلیمی قابلیت کے بناء پر متعین شرائط کو مد نظر رکھتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹر اور دوسرا عملہ مقرر کرے گا۔

(۲)ذیلی دفعہ (ا) کے تحت مقرر کردہ افسران و عملہ:

(a) تنظیم کی حسب منشاء فرائض و اختیارات کا استعمال کرے گا۔

action against them

(b) تنظیم یا ریجنل پلان کمشنر کی دی گئی ہدایات کے مطابق، ڈائریکٹر کی زیر نگرانی کام کرے گا۔

(c) متعین کردہ تادیبی کارروائی کا حامل ہو سکتا ہے۔

(d) پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ ۲۱ کے تحت سرکاری ملازم تصور کیا جائے گا۔

کمیٹیاں

Committees

۹۔ تنظیم اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کے لیئے مالیاتی کمیٹی، تکنیکی، مشاورتی یا کسی اور کمیٹی کو تشکیل دے سکتی ہے۔

حوالگی اختیارات

Delegation of powers

۱۰۔ چیئرمین، مخصوص حالتوں میں عام اور خصوصی حکم کے ذریعے اپنے اختیارات، فرائض تنظیم کے کسی بھی میمبر کمیٹی، ڈائریکٹر کے حوالے کر سکتا ہے۔

فنڈ

Fund

۱۱۔(۱) سندھ علائقائی منصوبابندی تنظیمی فنڈ کے نام سے تنظیم کا اپنا ایک الگ فنڈ ہو گا:

(۲) یہ فنڈ مشتمل ہو گا:

(a) حکومتی گرانٹس پر

(b) حاصل شدہ تنظیمی قرض

(c) متحرک اور غیر متحرک پراپرٹی

(d) وفاق، عالمی ایجنسی یا ڈونیشن کے مد میں ملی ہوئی رقم

(e) اس ایکٹ کے تحت کی گئی خدمات کے عیوض ملنے والی رقم

(f) تنظیم کو ملنے والی دوسری رقوم

(۳)اس فنڈ کے تحت حاصل کی گئی رقم چیئرمین کی منظوری سے بینک میں رکھی جائے گی۔

(۴) تنظیمی فنڈ، چیئرمین کی منظوری سے وفاقی یا صوبائی حکومت کی سکیورٹی کے لیئے انویسٹ کیئے جاسکتے ہیں۔

(۵) تنظیم بانڈز جاری کرکے کسی مالی اسکیم، پروجیکٹ، یا کام کے حوالے سے چندہ اکٹھا کر سکتی ہے۔

(٦) تنظیم حکومتی شرائط کے مطابق، حکومت یا بینک سے قرض لے سکتی ہے۔

فنڈ کا استعمال
Utilization of Fund

۱۲۔(۱) تنظیمی فنڈ کا استعمال مندرجہ ذیل طریقوں سے ہو گا:

(a) اس ایکٹ کے تحت کیئے جانے والے کاموں کے اخراجات پر اور نان-آفیشل میمبرز کی تنخواہوں اور دیگر مراعات پر خرچ کرنا

(b) اس ایکٹ کے تحت شروع کی گئی کوئی اسکیم، پراجیکٹ پر آنے والے اخراجات

(c) قرضوں اور انٹریسٹ کی ادائیگی پر

(d) اس ایکٹ کے مقاصد حصول کرنے کے لیئے دوسرے کاموں پر آنے والے اخراجات

(۲) تنظیم، فنڈز کے استعمال اور اخراجات کے حوالے سے کمشنر علائقائی منصوبابندی کے لیئے کوئی حد مقرر کر سکتی ہے۔

بجٹ

۱۳۔ کمشنر ریجنل پلان ہر مالی سال کے لیئے ممکنہ اخراجات پر مبنی ایک رپورٹ تیار کرے گا اور نئے مالی سال کے آغاز سے تین مہینے پہلے منظوری کے لیئے وہ رپورٹ

جمع کروائے گا اور تنظیم اسے ویسے ہی یا کسی تبدیلی کے ساتھ منظور کر سکتی ہے۔ — Budget

۱۴۔ (۱) تنظیمی، اکاؤنٹس کا حساب کتاب رکھے گی اور ان کی آڈٹ مقرر کردہ طریقے سے کرائے گی۔ — حساب کتاب اور اس کی آڈٹ

(۲) ہر مالی سال کے اختتام پر اکاؤنٹس کی آڈٹ کی گئی اور تصدیق شدہ تفصیل Statement جانچ پڑتال کے لیئے تنظیم میں جمع کرائی جائے گی اور اس کی ایک کاپی حکومت کو بھیجی جائے گی۔ — Account and Audit

تنظیم کے کام
Functions of the Organization

۱۵۔ حکومت کی خصوصی ہدایات کے تحت، تنظیم کا کام یہ ہو گا:

(i) بطور ایجنسی، صوبے یا اس کے کسی حصے کے لیئے جامع علاقائی منصوبہ مرتب کرنا۔

(ii) حکومتی اداروں اور ایجنسیز کو، علاقائی پلان کے مطابق معلومات فراہم کرنا اور مشاورتی خدمات مہیا کرنا۔

(iii) صوبے کے سماجی مسائل اور ترقیاتی منصوبابندی کے حوالے مطالعات، جائزوں اور تحقیق کو فروغ دینا۔

(iv) تنظیمی مقاصد کے حصول کے لیئے درکار افراد مہیا کرنا اور صوبے کے اندر اور باہر فنڈز اور دیگر وسائل کو مقاصد کے حصول کے لیئے استعمال میں لانا۔

(v) صوبے کے اندر اور باہر، علاقائی منصوبابندی اور دیگر فیلڈز میں پروفیشنل تربیت کے لیئے سہولیت مہیا کرنا۔

(vi) تنظیمی مقاصد کے حصول کے لیئے فائدیمند سرکاری، غیر سرکاری، عالمی اور بین الصوبائی ایجنسیز کی تمام سرگرمیوں میں تعاون کرنا۔

(vii) ایسی سرگرمیاں شروع کرنا جو تنظیمی مقاصد کے حصول کے لیئے ساز گار ثابت ہوں۔

تنظیم کے اختیارات

Powers of the Organization

۱۶۔ تنظیم کو یہ اختیارات ہوں گے:

(a) قابل انتقال متحرک اور غیر متحرک پراپرٹی حاصل کرنا
(b) پراپرٹی کا نیکال کرنا
(c) کسی صوبائی ادارے یا ایجنسی کی درخواست پر منصوبہ سازی کرنا
(d) اس ایکٹ کے توسط سے مقاصد کے حصول کے لیئے اخراجات کرنا
(e) فرائض کی ادائیگی کے لیئے ضروری ساز و سامان مہیا کرنا
(f) حسب ضرورت معاہدے کرنا
(g) فیلڈ آفیسز، سینٹرز اور اداروں کا قیام عمل میں لانا
(h) اس ایکٹ کے توسط سے کسی بھی معاملے کے متعلق سرکاری اداروں یا ایجنسیز سے مواد، ڈیٹا، ریکارڈ طلب کرنا۔
(i) ڈیٹا کلیکشن کے دوران، کسی بھی حکومتی ادارے یا ایجنسی کے زیر نگرانی جاری یا شروع ہونے والے پراجیکٹ یا اسکیم کا معائنہ کرنا۔
(j) ترقیاتی پراجیکٹ، پروگرام یا سکیم سے وابستہ کسی بھی سرکاری یا غیر سرکاری ایجنسی کو پابند کرنا کو وہ کسی بھی ایسے پروگرام یا سکیم کو ریجنل پلان کے مقاصد کے حوالے سے بروئے کار لانے کے لیئے اگر کوئی خصوصی قدم اٹھانا چاہے تو اس کی پیشگی اجازت حاصل کرے۔
(k) ترقیاتی پراجیکٹ، پروگرام یا سکیم پر کام کرنے والی کسی بھی سرکاری یا غیر سرکاری ایجنسی جو بھی صورتحال ہو، حکم دینا یا مشورہ دینا کہ وہ

اپنے پراجیکٹ، پروگرام یا سکیم میں کسی چیز کو نکال دے یا اس پر کام شروع کرے اور ان سے مشاورت کرنا اور ان سے مشورہ یا معاونت حاصل کرنا۔

(l) گورنمنٹ کی جانب سے دیئے گئے دوسرے فرائض کی ادائیگی کرنا

سرگرمیوں کی رپورٹ
Report of activities

۱۷۔ تنظیم ہر سال کے اختتام پر مقرر کردہ انداز سے اور تاریخ کو سال میں ہونے والی ساری سرگرمیوں پر مبنی رپورٹ گورنمنٹ کو پیش کرے گی۔

بقایاجات کی وصولی
Recovery of arrears

۱۸۔ تنظیم پر واجب کوئی بھی رقم بطور لینڈ ریونیو بقایاجات وصول کی جائے گی۔

۱۹۔ عدالتوں کے دائرہ اختیار پر پابندی
Courts jurisdiction barred

۱۹۔ اس ایکٹ کے توسط سے ہونے والے کسی بھی عمل کے خلاف عدالت کوئی حکم جاری نہیں کر سکتی نہ ہی اس کے خلاف کوئی کارروائی ہو سکتی ہے۔

جرمانہ
Penalty

۲۰۔ کسی حکم کی انحرافی یا اس ایکٹ کے کسی بھی قسم کی خلاف ورزی پر حکومت ۵۰۰ روپے جرمانہ تجویز کر سکتی ہے۔

ضمانت
Indemnity

۲۱۔ اس ایکٹ کے تحت اٹھائے گئے عمل کے خلاف تنظیم، اس کے افسران یا پرائیویٹ ایجنسی کے خلاف کوئی عدالتی کارروائی نہیں ہو گی۔

| | |
|---|---|
| ۲۲۔(۱)اس ایکٹ پر عملدرآمد کرانے کے لیئے گورنمنٹ قواعد بنا سکتی ہے۔<br>(۲)اس ایکٹ کی روشنی میں اور اس کے حوالے سے بنائے گئے قوانین کے تحت پیشگی سرکاری تحریری اجازت سے آفیشل گزیٹ کے ذریعے ایکٹ کے مقاصد کے حصول میں مزید ریگیولیشن بنا سکتی ہے۔ | قاعدہ قانون بنانے کے اختیارات<br>Powers to make rules and regulations |

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**